Shabbir / Fazil

19-11-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نیتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1- پارلیمنٹ نے اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کے دوران وکست بھارت - جی رام جی بل 2025 زبانی ووٹ سے منظور کرلیا ہے۔ مذکورہ بل میں ہر مالی سال میں دیہی علاقوں کے ہر ایک کنبے کو 125 دن کی روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

2- روایتی طریقۂ علاج کے بارے میں عالمی صحت تنظیم کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس آج نئی دلی میں اختتام پذیر ہوجائے گی۔ وزیراعظم نریندر مودی My Ayush مربوط خدمات پورٹل کا آغاز کریں گے۔

3- بھارتی ریلوے محکمہ کرسمس اور نئے سال کے موقع پر مسافروں کی تعداد میں اضافے کے مدِنظر 138 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

4- بنگلہ دیش میں طلبا کے رہنما عثمان ہادی کی موت کے بعد راجدھانی ڈھاکہ میں تشدد کے واقعات ہوئے ہیں۔

5- اور : دبئی میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا کپ کرکٹ کے سیمی فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

RS G Ram G Bill

پارلیمنٹ نے وکست بھارت - روزگار کی گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین یعنی وکست بھارت - جی رام جی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ راجیہ سبھا نے کل اِسے منظور کرلیا جبکہ لوک سبھا نے اِس بل کو کل دن میں پاس کیا تھا۔

مذکورہ بل میں 2047 تک وکست بھارت کے قومی نظریے کے عین مطابق ایک دیہی ترقیاتی فریم ورک قائم

کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ اِس کے تحت ہر اُس دیہی کنبے کو ہر مالی سال میں 125 دن کی اجرت کے روزگار کی آئینی گارنٹی فراہم کی جائے گی، جس کے بالغ ارکان غیر ہنرمند مزدوری کیلئے تیار ہوں۔

مرکز اور ریاستی سرکاروں کے درمیان فنڈ میں حصہ داری، شمال مشرق اور ہمالیائی ریاستوں کو چھوڑ کر سبھی ریاستوں کیلئے ساٹھ اور چالیس کے تناسب میں رہے گی، جبکہ شمال مشرق اور ہمالیائی ریاستوں کیلئے یہ تناسب نوّے اور دس کا رہے گا۔ ریاستی سرکاریں بے روزگاری بھتہ اور معاوضہ دینے کا سلسلہ جاری رکھیں گی۔

راجیہ سبھا میں بحث کا جواب دیتے ہوئے دیہی ترقیات کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ سرکار ''ملک پہلے'' کے منتر کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ گاؤوں کی ترقی کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔

S/B : 0800 Shviraj R Ram G  Bill

اِدھر کانگریس کے ممبر پارلیمنٹ ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ اِس بل کو جلدی میں نہیں لیا جانا چاہیے اور اِسے چیدہ کمیٹی کے   سپرد کیا جانا چاہیے۔

RJD کے منوج کمار جھا نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے الزام لگایا کہ یہ ایک ایسا بل ہے جس میں صلاح و مشورے کے عمل کو نظر انداز کیا گیا ہے۔x

RS Nuclear Bill

پارلیمنٹ میں بھارت کی کایا پلٹ کیلئے ایٹمی توانائی کو پائیدار انداز سے بروئے کار لانے اور اِس کے فروغ سے متعلق SHANTI بل 2025 راجیہ سبھا کی منظوری کے ساتھ ہی پاس ہو گیا ہے۔ اِس کا مقصد لوگوں کی بہبود کیلئے ایٹمی توانائی کو فروغ دینا اور ایٹمی بجلی کی تیاری کیلئے تابکاری کو علیحدہ کرنا ہے۔

بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے ایٹمی توانائی محکمے کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ ایٹمی توانائی کینسر کے علاج، غذائی اشیا کو محفوظ رکھنے اور زراعت میں اہم رول ادا کر رہی ہے۔ وزیر موصوف نے ایوان کو یقین دلایا کہ تحفظاتی پہلوؤں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بل کے منظور ہونے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ یہ بھارت کے ٹیکنالوجی منظر نامے کیلئے ایک بہت اہم قدم ہے۔x

PM WHO Summit

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں روایتی طریقۂ علاج کے بارے میں عالمی صحت تنظیم WHO کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر وزیراعظم کانفرنس سے خطاب کریں

گے اور My Ayush مربوط خدمات پورٹل سمیت آیوش کے کئی اہم اقدامات کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی Ayush Mark بھی جاری کریں گے، جسے آیوش اشیا اور خدمات کی کوالٹی کے عالمی پیمانے کے طور پر طے کیا گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Priya Mondal

اِس تقریب میں جناب مودی یوگ میں تربیت کے بارے میں عالمی صحت تنظیم کی تکنیکی رپورٹ اور آیوش نے کایا پلیٹ کے گیارہ سال کے موضوع پر ایک کتاب کی رسمِ اجرا انجام دیں گے۔ وزیراعظم اشو گندھا کے oo--* بارے میں ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے، جو بھارت کے روایتی طبی ورثے کو عالمی سطح پر تسلیم کیے جانے کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب مودی اُن افراد کی عزت افزائی بھی کریں گے جنھیں 2021-25 کیلئے یوگ کے فروغ میں اُن کی گراں قدر خدمات کیلئے وزیراعظم کے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔ جناب مودی ایک نمائش بھی دیکھیں گے جس میں روایتی طریقۂ علاج کے تعلق سے گوناگونیت اور اِس کی افادیت کی عکاسی کی گئی ہے۔

دلی سے Priya Mondal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

PM Oman Roundup

وزیراعظم نریندر مودی نے Oman کا دو دن کا دورہ مکمل کرلیا ہے۔ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہونے کے 70 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہوا ہے۔ طرفین نے شاندار باہمی تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا اور اِسے کثیر رخی کلیدی ساجھیداری قرار دیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ :

V/C Rajesh Bali

وزیراعظم کو شاہی محل میں رسم استقبالیہ دیا گیا اور بھارت-عمان کے درمیان رشتوں میں اُن کے غیرمعمولی تعاون اور صاحب بصیرت قیادت کیلئے سلطنت کے ممتاز شہری ایوارڈ ''آرڈر آف عمان'' سے سرفراز کیا گیا۔ وزیراعظم کو سننے کیلئے Exhibition سینٹر میں بڑی تعداد میں موجود بھارتی برادری کے لوگوں نے اُن کا شاندار استقبال کیا۔ وزیراعظم نے بھی مختلف زبانوں میں اُن کا جواب دیا اور ان کی موجودگی کو ''منی بھارت'' سے تعبیر کیا۔ مختلف شعبوں میں ایک جامع اقتصادی شراکت داری معاہدہ، CEPA اور 6 مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے، جن میں بحری تعاون، اعلیٰ تعلیم، زراعت اور موٹے اناج کی کھیتی شامل ہیں۔

ایک مشترکہ بیان میں دونوں رہنماؤں نے بہترین دوطرفہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا، جوکہ تجارت، سرمایہ

کاری، دفاع، سکیورٹی، ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوام کے درمیان رابطوں پر محیط ہے۔ انہوں نے ہر طرح کی دہشت گردی کی بھی مذمت کی اور اس بات کا اعادہ کیا کہ اس طرح کی حرکتوں کیلئے کوئی بھی جواز قابل قبول نہیں ہوسکتا۔ جناب مودی نے والہانہ استقبال کیلئے سلطان ہثیم بن طارق کا شکریہ ادا کیا اور انہیں بھارت کا دورہ کرنے کی دعوت دی۔

مسقط سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Prez Conference

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح حیدرآباد میں ریاستی پبلک سروس کمیشن PSCs کے چیئرپرسنز کی دو روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ ملک بھر کی ریاستی PSCs کے چیئرپرسنز اور اعلیٰ عہدیداران اس دو روزہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

تلنگانہ کے گورنر Jishnu دیو ورما، وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور UPSC چیئرپرسن اجے کمار بھی اس موقع پر موجود رہیں گے۔x

VP Christmas Celebrations

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کل شام نئی دلی میں کیتھولک بشپ کانفرنس آف انڈیا کے زیرِ اہتمام سالانہ کرسمس تقریبات میں شرکت کی۔ مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر سی وی آنند بوس بھی اِس موقع پر موجود تھے۔

نائب صدر نے وہاں موجود لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس کا تہوار سبھی کو امن، رحمدلی، انکساری اور انسانیت کی خدمت کی دائمی اقدار کی یاد دلاتا ہے۔ x

0815 VIce Prez on Christmas

Gujrat SIR

گجرات میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی تفصیلی نظرِ ثانی SIR مہم کے تحت سبھی اسمبلی حلقوں کیلئے آج ووٹر فہرستوں کا مسودہ شائع کیا جائے گا۔ ضلع چناؤ افسر نظرِ ثانی کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنانے کی خاطر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں کو ووٹر فہرستوں کے مسودے کی نقول سپرد کریں گے۔

اِس کے ساتھ ہی دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کا سلسلہ آج سے باضابطہ طور پر شروع ہو گیا ہے اور یہ

اگلے مہینے کی 18 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اِس طرح لوگ مسودے میں اپنے نام دیکھ سکتے ہیں اور نئے اندراج کرانے، نام ہٹانے یا اصلاح کیلئے درخواستیں پیش کر سکتے ہیں۔x

## Indian Railway Special Trains

بھارتی ریلویز کا محکمہ کرسمس اور نئے سال کے موقع پر مسافروں کی تعداد میں اضافے کے مدِّنظر نو Zones میں 138 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔ اِس طرح اِن ریل گاڑیوں کے ساڑھے چھ سو Trips کی تجویز ہے اور اِسے منظوری دے دی گئی ہے۔ ریلوے کی وزارت کے مطابق اب تک 244 / ٹرِپس کو نوٹیفائی کیا گیا ہے۔

کثیر تعداد میں مسافروں کی سہولت کیلئے اِس عرصے کے دوران مغربی ریلوے کے تحت سب سے زیادہ 26 ٹرینیں چلائی جا رہی ہیں جبکہ وسطی ریلوے 18، جنوب وسطی ریلوے 26 اور جنوب مشرقی وسطی ریلوے 12 ٹرینیں چلائے گا۔x

## Bangladesh Violence

بنگلہ دیش کے طالب علم رہنما عثمان ہادی کی سنگاپور میں علاج کے دوران موت کے بعد بنگلہ دیش میں حالات پُرتشدد ہوگئے ہیں۔ ہادی کو گزشتہ ہفتے ڈھاکہ میں نقاب پوش حملہ آوروں نے گولی ماری تھی اور کل سنگاپور میں علاج کے دوران اُن کی موت ہوگئی۔

اُن کی موت کی خبر ملنے پر اُن کے سینکڑوں حامی ملک کی راجدھانی میں ایک اسکوائر کے مقام پر احتجاج کرنے کیلئے یکجا ہوئے۔ مظاہرین نے بنگلہ دیش کے بڑے اخباروں The Daily Star اور Prothom Alo کے دفاتر میں توڑ پھوڑ کی اور ایک عمارت کو آگ لگادی۔ احتجاجی مظاہرین نے Chattogram میں بھارت کے اسسٹنٹ ہائی کمشنر کی رہائش گاہ پر بھی حملہ کیا، جس سے سفارتی احاطوں کی سلامتی کو لے کر سنگین تشویش پیدا ہوگئی ہے۔

صورتحال کے مزید خراب ہونے پر قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں نے مظاہرین کو منتشر کرنے کیلئے آنسو گیس کے گولے چھوڑے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ متعدد افراد کو، اِن حملوں میں ملوث ہونے کی بنا پر گرفتار کیا گیا ہے، البتہ زیادہ معلومات فوری طور سے دستیاب نہیں ہیں۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ کل رات سے ہی Chattogram میں حالات کشیدہ ہونا شروع ہوگئے تھے اور شرپسندوں نے بھارتی اسسٹنٹ ہائی کمشنر کی رہائش گاہ کے نزدیک توڑ پھوڑ کی تھی اور پتھراؤ کیا تھا۔

اس طرح کی صورتحال سے مبینہ طور پر آس پاس کے علاقوں میں رہنے والے بھارتی اہلکاروں اور عملے میں خوف وہراس پیدا ہوگیا ہے۔x

IMD Weather

اترپردیش کے بیشتر ضلع شدید سردی اور گھرے کہرے کی گرفت میں ہیں۔ اِس کے نتیجے میں کئی ضلعوں میں اسکولوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے۔لکھنؤ میں ضلع مجسٹریٹ نے ہدایت دی ہے کہ پہلی سے لے کر 12 کلاس تک کے سبھی سرکاری اور پرائیویٹ اسکول صبح 9 بجے کے بعد ہی کھلیں گے۔

Jaunpur ، اُناؤ، پیلی بھیت، سلطان پور اور کُشی نگر جیسے ضلعوں میں سبھی اسکولوں میں کلاسیں صبح دس بجے سے سہ پہر تین بجے تک ہوں گی۔

اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے آج اترپردیش اور بہار میں کہیں گہرا اور کہیں بہت گہرا کہرا چھائے رہنے کے امکان کے مدِنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق اترپردیش میں آج موسم کافی سرد رہنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اتراکھنڈ میں بھی آج بہت زیادہ کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

اِدھر دلی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی بدستور بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ آج صبح سات بجے 387 ریکارڈ کیا گیا۔x

US Marijuana Order

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے Marujuana کو کم خطرناک کی درجہ بندی میں شامل کرنے سے متعلق ایگزیکیٹو حکم نامے پر دستخط کردیئے ہیں۔ اس سے قبل Marujuana شیڈول-I کے زُمرے میں تھا، جہاں اسے Heroin اور LSD جیسی منشیات کے ساتھ رکھا گیا تھا۔ اس حکم کے ساتھ اب یہ شیڈول-III میں شامل ہوگیا ہے، جس میں Ketamine اور Anabolic Steroids بھی شامل ہیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ یہ تبدیلی Marujuana کا قانون نہیں ہے۔ اس تبدیلی سے Marujuana پر تحقیق کرنا زیادہ آسان ہوجائے گا، کیونکہ شیڈول-III میں شامل منشیات پر تحقیق کرنے کیلئے شیڈول-I والی منشیات کے مقابلے کافی کم اجازتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔x

India Sri Lanka U19

دبئی میں آج ICC اکیڈمی گراؤنڈ پر 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے شروع ہوگا۔

آیوش مہاترے کی زیرِ کمان بھارتی ٹیم نے گروپ مرحلے میں متحدہ عرب امارات، پاکستان اور ملیشیا کو شکست

دے کر اپنا غلبہ برقرار رکھا اور سری لنکا کے خلاف سیمی فائنل میں بھارتی ٹیم کو مضبوط دعویدار مانا جا رہا ہے۔
آج صبح دوسرے سیمی فائنل میں پاکستان اور بنگلہ دیش کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔x

Cricket T20 Ind Vs SA

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچواں اور آخری ٹی۔20 بین الاقوامی میچ آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔
سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم اس وقت دو-ایک سے سبقت لیے ہوئے ہے اور وہ جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز اپنے نام کرنا چاہے گی۔
بدھ کے روز لکھنؤ میں چوتھا ٹی۔20 میچ گھنے کہرے کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا تھا۔x

Pradhan AI Meet

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت AI تعلیم سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے، بالخصوص معیاری تعلیم کو اور زیادہ شمولیت والی، قابل رسائی اور منصفانہ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔
جناب پردھان نے یہ بات نئی دلّی میں ہونے والی درس وتدریس کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے متعلق مشاورتی کمیٹی کی تیسری میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ وزیر تعلیم نے زور دے کر کہا کہ حکومت، حصول علم کے عمل کو طلباء پر مرکوز بنانے، اُن میں ہنر اور سمجھ کو فروغ دینے، نیز طلباء اور معلمین دونوں کو بااختیار بنانے کے تئیں عہد بستہ ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد
شکریہ -نیتیکا تیاگی
قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے بھارت اور عمان کے درمیان ہوئے تجارتی معاہدے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔
اخبار پرتاپ کی اس سلسلے میں سرخی ہے: بھارت اور عمان میں تجارتی معاہدے سے سامان کیلئے دروازے کھلے۔

انقلاب کی سرخی دیتا ہے: وزیراعظم مودی ''آرڈر آف عمان'' سے سرفراز۔

اس کے علاوہ اخبارات نے وکست بھارت رام جی بل کے لوک سبھا میں پاس ہونے کی خبر کو بھی صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ تمام ایئرلائنز اُڑان اسکیم میں حصہ لے سکتی ہیں، اخبارات نے شہری ہوا بازی کے وزیر، کے-رام موہن نائیڈو کے اس بیان کو اہمیت دی ہے۔

اخباروں نے شمالی ومشرقی بھارت میں کہرے کی وجہ سے پروازیں متاثر ہونے کی خبر بھی نمایاں طور پر شائع کی ہے۔

اخباروں کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکی کانگریس نے ملک شام پر عائد پابندیاں مستقل طور پر ختم کردیں۔

☆ اسرائیل کی رکاوٹوں سے غزہ میں امداد پہنچانے کا کام خطرے میں: اقوام متحدہ کا انتباہ۔

☆ فرانس میں وزارت داخلہ کی ویب سائٹ پر سائبر حملہ۔

☆ سعودی عرب نے صنعتی شعبے کے غیر ملکی کارکنوں کی اقامہ فیس ختم کرنے کی منظوری دی۔

---

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- پارلیمنٹ نے اپوزیشن پارٹیوں کے احتجاج کے دوران وکست بھارت - جی رام جی بل 2025 زبانی ووٹ سے منظور کرلیا ہے۔ مذکورہ بل میں ہر مالی سال میں دیہی علاقوں کے ہر ایک کنبے کو 125 دن کی روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

2- روایتی طریقۂ علاج کے بارے میں عالمی صحت تنظیم کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس آج نئی دلی میں اختتام پذیر ہوجائے گی۔ وزیراعظم نریندر مودی My Ayush مربوط خدمات پورٹل کا آغاز کریں گے۔

3- بھارتی ریلوے محکمہ کرسمس اور نئے سال کے موقع پر مسافروں کی تعداد میں اضافے کے مدِنظر 138 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

4- بنگلہ دیش میں طلبا کے رہنما عثمان ہادی کی موت کے بعد راجدھانی ڈھاکہ میں تشدد کے واقعات ہوئے ہیں۔

5- اور : دبئی میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا کپ کرکٹ کے سیمی فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---